ملک کو جاگیرداروں اوراسلام کی غلط تصویر پیش کرنے والے علمائے سو کے چنگل سے آزاد کرائینگے ۔ الطاف حسین

ڈنڈا بردار اور کلاشنکوفی شریعت سراسر غلط ہے اور ہم غلط کو صحیح نہیں کہہ سکتے

مٹھی بھر عناصر کو اسکی اجازت نہیں دے سکتے کہ وہ ڈنڈے کے زور پر ملک بھر کے عوام پر اپنی خودساختہ شریعت مسلط کریں

لاہور میں پنجاب کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیو ایم کے کارکنوں سے فون پر خطاب

لندن ۔۔۔19 اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ہم پنجاب سمیت پورے ملک کو جاگیرداروں ، وڈیروں اوراسلام کی غلط تصویر پیش کرنے والے علمائے سو کے چنگل سے آزاد کرائیں گے ۔ انہوں نے یہ بات آج لاہور میں ایم کیو ایم کے صوبائی دفتر پر لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے کارکنوں سے فون پر خطاب کرتے ہوئے کہی ۔اس موقع پر ایم کیو ایم پنجاب کی نگراں کمیٹی ، پنجاب کی مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی اور ایم کیو ایم لاہور کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مذہبی انتہاپسندی صرف ایم کیو ایم کا ہی مسئلہ نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے کیونکہ چند مٹھی بھر مذہبی انتہا پسند عناصر ڈنڈے اور کلاشنکوف کے زور پر نہ صرف لوگوں پر اپنے نظریات مسلط کرنے کی کوشش کررہے ہیں بلکہ اسلام کے نام پر خواتین پر تشدد کررہے ہیں ، دکانوں پر حملے کررہے ہیں اوراپنی دیگر انتہاپسندانہ سرگرمیوں کے ذریعے دنیا میں اسلام کی غلط تصویر پیش کررہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ اگر کسی خاتون نے چہرہ نہیں ڈھکا ہے تو اس کے چہرے پر تیزاب پھینکنا یا اسے ڈنڈوں سے مارنا کونسا اسلام ہے؟ یہ ڈنڈا بردار اور کلاشنکوفی شریعت سراسر غلط ہے اور ہم غلط کو صحیح نہیں کہہ سکتے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم الحمدللہ مسلمان ہیں اور ہم اللہ ، اس کے رسول اکرم ؐ ، قرآن مجید کی تعلیمات اور اللہ کے نبی ؐ کی بتائی ہوئی شریعت پر ایمان رکھتے ہیں اور ہمیں کسی ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کی ضرورت نہیں ۔انہوں نے مزید کہا کہ مذہبی انتہاپسند عناصر اپنی ڈنڈا بردار شریعت کے ذریعے معاشرے کو دور جہالت میں لے جانا چاہتے ہیں لہٰذا ہم ان کی منافقانہ یزیدی شریعت کو نہیں مانتے اور ہم مٹھی بھر عناصر کو اس بات کی اجازت نہیں دے سکتے کہ وہ ڈنڈے کے زور پر پورے ملک کے عوام پر اپنے نظریات اوراپنی خودساختہ شریعت مسلط کریں ۔انہوں نے کہا کہ پنجاب سمیت ملک بھر کے تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے باشعور عوام کو چاہیے کہ وہ اس ڈنڈا بردار شریعت اور مذہبی انتہاپسندی کے خاتمہ اوراپنی ماؤں بہنوں کی آزادی کے تحفظ کیلئے متحد ہوجائیں ۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی انتہاپسندی کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے کراچی کے بعد اب پنجاب میں جلد ہی منعقد کی جانے والی دوسری بڑی احتجاجی ریلی انشاء اللہ عوام کے اتحاد کا بھرپور مظاہرہ ہوگی ۔انہوں نے پنجاب کے تمام ذمہ داروں اور لاہور سمیت پنجاب کے تمام شہروں سے تعلق رکھنے والے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ اس مجوزہ ریلی کی تیاریاں بھرپور انداز میں شروع کردیں اور اس سلسلے میں ایک ایک علاقے میں کارنر میٹنگز کا انعقاد کیا جائے ۔اس موقع پر لاہور سمیت پنجاب کے تمام شہروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ پنجاب کے عوام مذہبی انتہاپسندی اور ملاازم کے خاتمہ کیلئے ان کا بھرپور ساتھ دیں گے ۔

ملک بھر کے عوام ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کو مسترد کرتے ہیں ، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی

کراچی ۔۔۔19، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے ایم کیو ایم کے تحت مذہبی انتہاء پسندی اور کلاشنکوفی شریعت کے خلاف نکالی گئی تاریخ ساز ’’پرامن متحدہ ریلی‘‘ کی زبردست کامیابی پر ملک بھر کے اعتدال پسند اور روشن خیال عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ متحدہ ریلی میں ملک بھر کے عوام کی لاکھوں کی تعداد میں شرکت اس بات کا کھلا اعلان ہے کہ عوام ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کو مسترد کرتے ہیں ۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ’’متحدہ ریلی‘‘ میں مختلف قومیتوں ، برادریوں اور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے لاکھوں عوام نے شرکت کرکے ثابت کردیا ہے کہ وہ مذہبی رواداری اور اعتدال پسندی پر یقین رکھتے ہیں اور انہیں ڈنڈا ر بردار کلاشنکوفی شریعت کسی بھی قیمت پر قبول نہیں ہے ۔انہوں نے کہا کہ اسلام ، امن وآشتی اور سلامتی کا مذہب ہے اور پوری دنیا کے انسانوں کیلئے راہِ ہدایت ہے لیکن بعض انتہاء پسند عناصر اپنے مذموم مفادات کیلئے دنیا بھر میں دین اسلام کی غلط امیج پیش کرکے دین اسلام ، مسلمانوں اور پاکستان کو بدنام کرنا چاہتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے باشعور عوام متحد ہیں اور دین اسلام کی غلط تشریح کرنے والے عناصر کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہونگے ۔ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف نکالی جانے والی ریلی میں سندھ بھر کے عوام کی بھرپور شرکت پر ان سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور انہیں مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف عظیم الشان اور تاریخی ریلی کی کامیابی پر دلی مبارکباد بھی پیش کی ۔

ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔19، اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن محمد عدنان شہزاد کے والد محمد عرفان شہزاد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔ (آمین)

☆☆☆☆☆